SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
October 21, 2016
For immediate release

ایس ای سی پی کے زیر اہتمام سرمایہ کاروں کی آگہی کے لئے سیمینار

لاہور: ۲۱ اکتوبر: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے سرمایہ کاروں کی آگہی کی مہم کے تحت ای وائے فورڈ رہوڈز (EY Ford Rhodes) کے زیر تربیت افراد اور ملازمین کے لئے رائیل پالم گاف اینڈ کنٹری کلب، لاہور میں سیمینار کا انعقاد کیا۔ تقریب کے دوران مالیاتی مارکیٹوں کے تجربہ کار اہل کاروں کے ساتھ ساتھ طلبا نے بھی زیر بحث موضوعات پر اپنی قیمتی آراء کا اظہار کیا۔

سیشن کا افتتاح کرتے ہوئے محترمہ خالدہ حبیب، ڈائریکٹر، انویسٹر ایجوکیشن اینڈ انٹرنیشنل ریلیشنز ڈپارٹمنٹ نے چیئرمین، ایس ای سی پی کے اس عزم کو اہرایا کہ پاکستانی معاشرے کی معاشی سوچ میں مثالی تبدیلی لا کر اسراف کے بجائے بچت اور سرمایہ کاری کے رجحان کو فروغ دیا جائے۔ محترمہ نے مزید اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ سرمایہ کاروں کی مالیاتی صلاحیتوں میں بہتری لانے اور ان کے تحفظ میں ایس ای سی پی اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔ سی ایف اے سوسائیٹی پاکستان سے جناب احمد زمان صاحب نے مالیاتی منصوبہ بندی پر ایک جامع پریزنٹیشن دی اور سامعین کو مالیاتی منصوبہ بندی کے مؤثر نفاذ کے لئے اہم اقدامات کا خلاصہ بھی پیش کیا۔

ڈاکٹر یاسر محمود نے ہماری کیپٹل مارکیٹوں کی میکرو پلس اور مائیکرو سٹرکچر اور اسکے امکانات پر روشنی ڈالی۔ فرسٹ کیپٹل انویسٹمنٹس لمیٹڈ کے سی ای او جناب عمران حفیظ نے میوچل فنڈ کی سکیم پر اظہار خیال کیا اور ان تمام بنیادی چیزوں پر روشنی ڈالی جن کا سرمایہ کار کو علم ہونا چاہئے۔ کمپنی رجسٹریشن دفتر، لاہور کے جوائنٹ رجسٹرار

جناب شہباز سرور نے کمپنی کی تشکیل کے طریقہ کار اور انٹر پرائز کے فوائد کی وضاحت کی۔ جناب ناصر الصمد نے بیمہ کے بنیادی اصولوں پر روشنی ڈالی اور اس کی اقسام، فوائد اور مواقع کی وضاحت کی۔ سیشن کے اختتام میں ای وائے فورڈ رہوڈز کے آفس مینجنگ پارٹنر جناب نسیم اختر نے یہ سیمینار منعقد کرنے پر ایس ای سی پی کا شکریہ ادا کیا اور اسے مستقبل کی سرمایہ کاری بتایا۔ انہوں نے دی جانے والی پریزینٹیشنز کو سرمایہ کاروں میں آگہی پھیلانے کے لئے مختص اہداف کے حصول کے لئے ایک نئی سمت بیان کیا۔انہوں نے تربیت پانے والے نوجوانوں کی پر زور دیا کہ وہ ایسے معلوماتی سیشنز سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254